امن کو بحال اور روشنیوں کا شہر بنانے کیلئے تمام سیاسی جماعتوں کو اختلافات بالائے طاق رکھ کر ایک نکتے پر متحد ہونا ہوگا، شعیب بخاری، قاری محمد عثمان

جمعیت علمائے اسلام (ف) کراچی کے امیر قاری عثمان کی سربراہی میں وفد کی نائن زیرو پر ملاقات، پریس کانفرنس

کراچی ۔۔۔(اسٹاف رپورٹر)2، دسمبر 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ اور جمعیت علماء اسلام (ف) کے رہنماؤں اس عزم کا اظہار کیا ہے کہ شہر کے امن کو بحال کرنے اور شہر کو روشنیوں کا شہر بنانے کیلئے تمام سیاسی جماعتوں کو اپنے اختلافات کو بالائے طاق رکھ کر صرف ایک نکتے پر متحد ہونا ہوگا۔اس وقت ملک بدترین بیرونی خطرات سے دوچار ہے اور کراچی میں حالات کی خرابی سے پورا ملک متاثر ہورہا ہے اور اس سے ملکی معیشت پر برے اثرات مرتب ہورہے ہیں۔منگل کو جمعیت علماء اسلام (ف) کے ایک وفد نے کراچی کے امیر قاری محمد عثمان کی سربراہی میں متحدہ قومی موومنٹ کے مرکز نائن زیرو پر رابطہ کمیٹی کے اراکین محمد شعیب بخاری، قاسم علی رضا اور وسیم آفتاب سے ملاقات کی جس میں شہر کی حالیہ صورتحال کے حوالے سے تبادلہ خیال کیا گیا۔وفد میں جے یو آئی کے صوبائی ناظم مولانا عمر صادق، نائب امیر مولانا علیم الرحمٰن، ڈپٹی جنرل سیکریٹری مولانا محمد غیاث اور حماد اللہ شاہ شامل تھے۔اس موقع پر پریس کانفرنس کرتے ہوئے رابطہ کمیٹی کے رکن شعیب بخاری نے کہا کہ اس وقت کچھ شرپسند قوتیں شہر کے امن کو سبوتاژ کرنے اور متحدہ قومی موومنٹ کو بدنام کرنے کی سازشوں میں مصروف ہیں اور وہ اپنی شرپسندانہ کارروائیوں سے اس شہر کے امن کو تباہ کرنا چاہتے ہیں تاہم متحدہ قومی موومنٹ دیگر تمام سیاسی و مذہبی جماعتوں کے ساتھ مل کر ان سازشی عناصر کو ان کے مذموم عزائم کو پورا نہیں کرنے دینگے۔انہوں نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ کسی بھی زبان بولنے والوں کیخلاف نہیں کیونکہ متحدہ میں تمام زبانیں بولنے والے لوگ شامل ہیں۔انہوں نے کہا کہ کراچی کسی ایک سیاسی پارٹی کا نہیں بلکہ تمام پارٹیوں کا شہر ہے اور ہم سب کو مل کر اس شہر کو روشنیوں سے دوچار کرنا ہوگا۔انہوں نے کہا کہ کچھ سازشی عناصر اس طرح کے شہر میں فسادات کروا کر ایم کیو ایم کی مقبولیت کام کرنے کی سازشوں میں مصروف ہیں لیکن ان کے اس طرح کے اقدامات سے ایم کیو ایم کی مقبولیت میں کوئی کمی نہیں آئے گی۔انہوں نے کہا کہ کراچی اس ملک کا دل ہے اور اس میں خرابی سے پورے ملک میں خرابی پیدا ہوگی۔اس موقع پر جمعیت علماء اسلام (ف) کے رہنما قاری عثمان نے کہا کہ کراچی میں ہونے والے واقعات سے کراچی کا ہر شہری دکھی ہے۔انہوں نے کہا کہ شہر میں امن کے قیام کیلئے تمام سیاسی جماعتوں کو اپنا کردار ادا کرنا ہوگا اور ہم نے آج نائن زیرو آکر یہ ثابت کیا ہے کہ جے یو آئی (ف) شہر میں امن کے قیام کیلئے تمام تر قربانیاں دینے کو تیار ہے۔انہوں نے کہا کہ منگل کے روز شہر کے متاثرہ علاقوں میں متحدہ قومی موومنٹ، جے یو آئی (ف)، جماعت اسلامی، عوامی نیشنل پارٹی سمیت دیگر سیاسی اور مذہبی جماعتوں نے امن ریلی نکالی ہے اور اس طرح کے اقدامات سے شہر میں جلد امن قائم کیا جا سکے گا۔

☆☆☆☆☆